# میچنگ کے ناقابل قبول دعووں (IMC) **کے کوڈز**

*مہم فائنانس پروگرام کے تحت میچ کے لیے اہل ہونے کے لیے میچ کے لیے دعوٰی کردہ تمام تعاون کی درست طریقے سے دستاویز بندی اور اطلاع کی جا سکے۔ میچنگ کا ایک ناقابل قبول دعوٰی (IMC) ایک ایسا تعاون ہوتا ہے، جس کا آپ نے میچ کے لیے دعوٰی کیا ہو، مگر اسے CFB عملے کی جانب سے نظرثانی پر ناقابل قبول پایا جائے۔ میچنگ کے زیادہ تر ناقابل قبول دعوے حل کیے اور میچ کے لیے قابل قبول بنائے جا سکتے ہیں۔*

آپ کو ہر انکشافی اسٹیٹمنٹ جمع کروانے کے بعد موصول ہونے والی اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی میں میچنگ کے ایک ناقابل قبول دعووں (IMC) کی رپورٹ شامل ہو سکتی ہے۔ (اسٹیٹمنٹ کی نظرثانیوں اور دیگر قبل از انتخاب آڈٹ نظرثانیوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہینڈ بک کا باب 5 ملاحظہ کریں)۔ IMC رپورٹ میں وہ تعاون شامل ہوں گے، جن کا آپ نے میچ کے لیے دعوٰی کیا مگر، انہیں ابتدائی طور پر ناقابل قبول سمجھا گیا ہے۔ رپورٹ میں میچنگ کے ہر ناقابل قبول دعوے کے ساتھ ایک کوڈ اور اس تعاون کے میچ کے لیے ناقابل قبول ہونے کی وجہ(وجوہات) کو بیان کرنے والی مختصر وضاحت لگائی جائے گی۔ یہ رہنماء ہر ایک کوڈ کی وضاحت فراہم کرتی ہے اور بتاتی ہے کہ ان کا جواب کیسے دینا ہے۔

## IMC رپورٹ کا جواب کیسے دینا ہے۔

IMC رپورٹ کو انکشافی اسٹیٹمنٹ سے علیحدہ کیا جاتا ہے اور اس میں حالیہ ترین انکشافی اسٹیٹمنٹ سے میچنگ کے ناقابل قبول دعوے اور ساتھ ہی ساتھ سابقہ انکشافی اسٹیٹمنٹس سے غیر حل شدہ میچنگ کے ناقابل قبول دعوے شامل ہوتے ہیں۔


میچنگ کے کسی ناقابل قبول دعوے کا جواب دینے کے لیے:

- ❒ اپنے اقدامات کو ظاہر کرنے کے لیے**قابل اطلاق خانوں پر نشان لگائیں** آپ فراہم کردہ جگہ پر بھی وضاحت فراہم کر سکتے ہیں۔
- ❒ **C-SMART میں تمام متعلقہ دستاویزات اپ لوڈ کریں** (تعاون کے کارڈ، چیکس، تصدیقی خط وغیرہ)
- ❒ **اپنے انکشافی بیانات میں قابل اطلاق ترمیمات اپ لوڈ کریں،** اگر آپ نے C-SMART میں سابقہ طور پر اطلاع کردہ ٹرانزیکشنز میں کوئی دستاویز اپ لوڈ کی ہو یا کسی ٹرانزیکشن میں ترمیم کی ہو (بشمول اسے حذف کرنا یا میچنگ کا کوئی دعوٰی واپس لینا)۔
- ❒ نئے درج کردہ ریفنڈز کے لیے دستاویزات جمع کروانے کے لیے C-SMART میں **Contribution Refund Documentation Submission (تعاون کے ریفنڈ کی دستاویزات کا اندراج) کی خاصیت استعمال کریں** کیونکہ یہ ٹرانزیکشنز اس وقت تک اطلاع شدہ نہیں ہوں گی، جب تک کہ آپ اپنی اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ جمع نہ کروائیں۔
- ❒ اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی کے اپنے جواب کے حصے کے طور پر**مکمل کردہ IMC رپورٹ جمع کروائیں**۔

آپ کو اپنی رپورٹنگ میں تجدید کرنے کے لیے ترمیمات جمع کروانی ہوں گی اور اپنی اپ لوڈ کردہ دستاویزات CFB کو جمع کروانی ہوں گی۔ آپ کو C-SMART میں ترمیمات صرف اس وقت جمع کروانی چاہیں، جب آپ نے IMC رپورٹ اور اسٹیٹمنٹ کی باقی نظرثانی کا جواب دینے کے لیے تمام ترمیمات کر لی ہوں اور تمام دستاویزات اپ لوڈ کر دی ہوں۔

ٹرانزیکشنز میں ترمیم کرنے، دستاویزات اپ لوڈ کرنے اور ترمیمات جمع کروانے میں معاونت کے لیے [C-SMART Help (C-SMART ہیلپ)] ملاحظہ کریں اور اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی کا جواب دینے کے متعلق مزید معلومات کے لیے اپنے امیدوارسروسز لائیزان سے رابطہ کریں۔

میچنگ کے ناقابل قبول دعوے کا نمونہ




ایک تعاون کو میچ کے لیے اہل بنانے کے لیے آپ کو اس تعاون کے لیے تمام ناقابل قبول کوڈ کو حل کرنا ہو گا۔ ایک غیر حل شدہ ناقابل قبول دعوٰی اگلی اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی میں دوبارہ نظر آئے گا۔

میچنگ کے کچھ ناقابل قبول دعوے تعاون کی قسم کی وجہ سے حل نہیں کیے جا سکتے۔ مثلا، نیو یارک سٹی سے باہر رہنے والے کسی تعاون کار کی جانب سے ایک عطیے کا کبھی بھی میچ نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ صرف نیو یارک سٹی کے رہائشیوں کے تعاون میچ کرنے کے لیے اہل ہیں۔ اگر آپ اتفاق کرتے ہیں کہ ایک دعوی میچ کرنے کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتا، تو C-SMART میں سے تعاون کے میچ کرنے کے دعوے کو پاس لے لیں۔

ایک مرتبہ آپ کسی تعاون کے لیے میچنگ کے دعوے کو واپس لے لیتے ہیں، اس تعاون کو مستقبل میں کبھی بھی میچ نہیں کیا جا سکتا۔

## میچنگ کے ناقابل قبول دعووں (IMC) کے کوڈز کیا ہیں؟

میچنگ کے ناقابل قبول دعووں کے کوڈز کو پانچ زمروں میں تقسیم کیا جاتا ہے-- عطیے کا ماخذ (SRC)، تعاون کی دستاویزات (DOC)، عطیے کی اطلاع (RPT)، چندے کی حد (LMT) اور دیگر (OTH)۔ IMC رپورٹ میں، آپ کوڈز کو تین حروف کے مخفف اور اس کے آگے ایک نمبر اور کوڈ کی مختصر وضاحت کی صورت میں دیکھیں گے۔

## تعاون کا ماخذ (SRC)

تعاون کے ماخذ کے سلسلے میں پائے جانے والی کوڈز کا تعلق میچ کرنے کے لیے نا اہل یا ممنوعہ ماخذوں سے تعاون شامل ہیں۔

### SRC-1: ریفنڈ کردہ، چیک قبول نہیں ہوا یا کریڈٹ کارڈ کا انکار ہو گیا

SRC-1 کوڈ تین میں سے ایک مسئلہ ظاہر کرتا ہے: مہم نے ایک ایسے عطیے کے لیے میچنگ فنڈز کا دعوٰی کر لیا ہے، جو اس نے ریفنڈ کر دیا تھا، تعاون کار کا چیک قبول نہیں ہوا یا عطیہ کار کے کریڈٹ کارڈ کا انکار ہو گیا۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر تعاون ریفنڈ کر دیا گیا تھا، چیک قبول نہیں ہوا یا کریڈٹ کارڈ کا انکار ہو گیا تھا، تو میچنگ کے دعوے کو واپس لے لیں، ریفنڈ درج کریں اور ریفنڈ ٹرانزیکشن کی دستاویزات C-SMART میں اپ لوڈ کریں۔
- اگر باؤنس ہونے والا چیک دوبارہ کامیابی سے ڈیپازٹ ہو گیا تھا، تو ڈیپازٹ ہونے کو ظاہر کرنے والی دستاویزات جمع کروائیں۔
- اگر کریڈٹ کارڈ تعاون کامیابی سے حل ہو گیا تھا، تو حل ہونے کا ثبوت درج کریں۔

### SRC-2: تعاون کارپوریٹ اکاؤنٹ سے دیا گیا

SRC-2 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب تعاون کسی کارپوریٹ اکاؤنٹ سے آتا ہوا نظر آئے (بشمول واحد ملکیت)۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر تعاون کسی ذاتی اکاؤنٹ سے بھیجا گیا تھا یا اگر کسی ایسے اکاؤنٹ سے بھیجا گیا، جو واحد ملکیت اور ذاتی مقاصد، دونوں، کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، تو تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ ایک کاروباری اکاؤنٹ سے دیے گئے تعاون کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔
- اگر تعاون ایک غیر انکارپوریٹڈ واحد مالک کے کاورباری اکاؤنٹ سے بھیجا گیا تھا، تو C-SMART میں سے میچنگ کے دعوے کو واپس لیں۔

### SRC-3: تعاون کاروباری اکاؤنٹ سے دیا گیا

SRC-3 تعاون، پارٹنرشپس اور لمیٹڈ لائیبلٹی کمپنیوں کی جانب سے تعاون کو تفویض کیا جاتا ہے، جو نہ صرف میچنگ فنڈز کے لیے نااہل ہیں، بلکہ مکمل طور پر ممنوع بھی ہیں۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- ممنوعہ تعاون اپنی کمیٹی کے بینک اکاؤنٹ سے حاصل ہونے والے ایک بینک یا سرٹیفائیڈ چیک کے ذریعے ریفنڈ کریں۔ میچنگ کے دعوے کو واپس لیں، ریفنڈ درج کریں اور بینک یا سرٹیفائیڈ چیک کی نقل C-SMART میں اپ لوڈ کریں۔ عطیہ کار کے نام کا کوڈ تبدیل کر کے ظاہر کریں کہ یہ ایک کارپوریشن یا پارٹنرشپ ہے۔

## SRC-4: تعاون سیاسی کمیٹی کے اکاؤنٹ سے دیا گیا

SRC-4 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ تعاون ایک سیاسی کمیٹی کے بینک اکاؤنٹ سے آیا اور میچ کرنے کے لیے اہل نہیں ہے۔ (نوٹ: کسی خلاف ورزی سے بچنے کے لیے یقینی بنائیں کہ سیاسی کمیٹی CFB کے پاس رجسٹر شدہ ہو۔)

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں سے واپس لیں اور عطیہ کار کے نام کا کوڈ تبدیل کر کے ظاہر کریں کہ یہ ایک سیاسی کمیٹی ہے۔

## SRC-5: سلسلہ وار سیریئل نمبرز کے ساتھ منی آرڈر تعاون

SRC-5 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ تعاون سلسلہ وار سیریئل نمبرز کے ساتھ منی آرڈر عطیات کے ایک سلسلے کا حصہ ہے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- سلسلے میں منی آرڈرز کے ذریعے تعاون کرنے والے ہر ایک عطیہ کار کی جانب سے ایک تحریری اور دستخط شدہ بیان جمع کروائیں؛ بیانات کو منی آرڈرز کی خریداری سے متعلقہ حالات کی مکمل وضاحت کرنی چاہیے اور اطلاع کردہ عطیہ کار کی عطیے کے ماخذ کے طور پر تصدیق کرنی چاہیے۔ (نوٹ: یہ بیانات اس بات کی ضمانت نہیں دیتا کہ ناقابل قبول کوڈ ہٹا دیا جائے گا۔)
- یا اگر آپ ناقابل قبول دعوے پر اعتراض نہیں اٹھا رہے تو میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں واپس لیں۔

## SRC-6: عطیہ کار کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے

SRC-6 کوڈ اس صورت میں تفویض کیا جاتا ہے، اگر عطیہ کار کم عمر معلوم ہو۔ کم عمر افراد کی جانب سے تعاون کبھی بھی عوامی فنڈز کے ساتھ میچ کیے جانے کے لیے اہل نہیں ہوتے۔

اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- اگر عطیہ کار کی عمر 18 سال یا زیادہ ہو، تو تعاون کار کی جانب سے اٹھارہ سال سے کم عمر عطیہ کار والا دستخط شدہ تصدیقی خط جمع کروائی، جو تصدیق کرتا ہو کہ عطیے کے وقت پر عطیہ کار کی عمر 18 سال سے زیادہ تھی اور یہ کہ عطیہ عطیہ کار کے ذاتی فنڈز سے دیا گیا تھا۔
- اگر عطیہ کار کم عمر ہے، تو میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں سے واپس لیں۔

## SRC-7: عطیہ کار ایک شخص نہیں ہے

SRC-7 کوڈ اس وقت لاگو ہوتا ہے، جب آپ نے کسی ایسے تعاون کار سے عطیے کے لیے میچنگ فنڈز کا دعوٰی کیا ہو، جو ایک شخص نہ ہوں یا جب ایک واحد ٹرانزیکشن کی ایک سے زیادہ عطیہ کاروں کی جانب سے ہونے کی اطلاع دی اور/یا دستاویز بندی کی گئی ہو––مثلاً جب ایک مشترکہ اکاؤنٹ سے آنے والے ایک چیک/کریڈٹ کارڈ عطیے کے لیے دونوں شریک حیات کے نام اطلاع کردہ ہوں۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- تعاون کی بیک اپ دستاویزات ملاحظہ کریں، تاکہ تعین کیا جا سکے کہ ذیل میں سے کس صورتحال کا اطلاق ہوتا ہے۔
- اگر تعاون ایک ادارے کی طرف سے آیا تھا، نہ کہ ایک شخص کی جانب سے، تو C-SMART میں سے میچنگ کے دعوے کو واپس لیں۔
- اگر نام یا تعاون کا ماخذ غلط درج کیا گیا تھا، تو ٹرانزیکشن کو حذف کریں، درست نام کے ساتھ نام والا ایک نیا ریکارڈ بنائیں اور ٹرانزیکشن دوبارہ درج کریں۔
- اگر تعاون ایک سے زیادہ افراد کی جانب سے آنے والی اطلاع دی گئی ہے اور مشترکہ اکاؤنٹ کے مالکان کے درمیان برابری تقسیم سے کیا جانا چاہیے، تو مشترکہ اکاؤنٹ کے مالکان کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کار ایک شخص نہیں ہے والا تصدیقی خط جمع کروائیں۔ C-SMART میں ٹرانزیکشن میں ترمیم کر کے مشترکہ عطیے کی آدھی رقم ان افراد میں سے ایک کے طور پر ظاہر کریں اور دوسرے تعاون کار سے اتنی ہی رقم کا ایک اور عطیہ درج کریں۔
- اگر دونوں تعاون کاروں کے نام بیک اپ دستاویزات پر ہوں اور/یا دونوں عطیہ کاروں نے بیک اپ دستاویزات پر دستخط کیے ہوں، تو رپورٹنگ میں تبدیلی کر کے دو ٹرانزیکشنز ظاہر کریں، جس میں آدھا آدھا عطیہ دونوں عطیہ کاروں کی جانب سے آ رہا ہو۔ اس صورت میں ایک تصدیقی خط کی ضرورت نہیں۔
- اپنے جواب کے ساتھ جمع کروائی جانے والی IMC رپورٹ کی نقل پر، اٹھائے گئے اقدامات کو بیان کریں اور نئی ٹرانزیکشن آئی ڈی شامل کریں۔ (نوٹ: یہ نئی درج کردہ ٹرانزیکشن CFB میں آپ کی اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کے اندراج پر نظر آئے گی۔)

## SRC-8: عطیہ کار کا پتہ نیو یارک سٹی سے باہر کا ہے

SRC-8 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ آپ نے نیو یارک سٹی سے باہر کے کسی رہائشی کے تعاون کا میچ کے لیے دعوٰی کیا ہے۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- اگر عطیہ کار نیو یارک سٹی کا رہائشی نہیں ہے، تو میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں سے واپس لیں۔
- اگر پتہ غلط درج کیا گیا تھا، تو عطیہ کار کی معلومات میں C-SMART میں تبدیلی کریں۔

## SRC-9: پتے کی تصدیق (AVS) ناکام ہو گئی یا AVS نہیں کی گئی

SRC-9 ایسی صورتوں میں تفویض کیا جاتا ہے، جہاں کریڈٹ کارڈ تعاون کے لیے بیک اپ دستاویزات ظاہر کرتی ہوں کہ پتے کی تصدیق کے نظام (AVS) کا چیک ناکام ہو گیا یا انجام نہیں دیا گیا۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- عطیہ کار کی جانب سے دستخط شدہ پتے کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔

## SRC-10: عطیہ کار کا ایک غیر رہائشی پتہ ہے۔

SRC-10 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ عطیہ کار کا پتہ غیر رہائشی ہے، جو ظاہر کرتا ہے کہ عطیہ کار شاید نیو یارک سٹی کا ایک انفرادی رہائشی نہ ہو۔ CFB غیر رہائشی پتوں کی شناخت کرنے کے لیے سٹی کی جانب سے برقرار رکھے گئے اور باقاعدگی سے تجدید کردہ ایک ڈیٹا بیس کو استعمال کرتا ہے۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- یقینی بنائیں کہ آپ نے عطیہ کار کا پتہ درست طریقے سے درج کیا ہے۔
- اگر عطیہ کار کا پتہ غلط درج کیا گیا تھا، تو عطیہ کار کی پتے کی معلومات میں C-SMART میں تبدیلی کریں۔
- اگر آپ نے پتہ درست درج کیا تھا اور سمجھتے ہیں کہ کوڈ غلطی پر مبنی ہے، تو یہ ظاہر کرنے والی دستاویزات جمع کروائیں کہ پتہ رہائشی ہے—مثلاً وائیٹ پیجز سے لسٹنگ، عمارت کے لیے ایک ریئل اسٹیٹ اشتہار یا ایک دستخط شدہ غیر موجود/نامکمل رہائشی معلومات کا تصدیقی خط—اور اسے اپنے جواب کے ساتھ جمع کروائیں۔

## SRC-11: فراہم کردہ پتہ کریڈٹ کارڈ دستاویز پر بلنگ کا پتہ نہیں ہے

SRC-11 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ تعاون کار کی کریڈٹ کارڈ پراسیسنگ دستاویزات پر موجود بلنگ کا پتہ عطیہ کار کے فراہم کردہ پتے سے مختلف ہے، جو ظاہر کر سکتا ہے کہ عطیہ کار نیو یارک سٹی کا رہائشی نہیں ہے یا یہ کہ عطیہ ذاتی فنڈز سے نہیں آیا۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- اگر عطیہ کار کا پتہ درست جمع کروایا گیا تھا، تو عطیہ کار کی جانب سے دستخط شدہ بلنگ کے پتے کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔
- اگر عطیہ کار کا پتہ غلط درج کیا گیا تھا، تو عطیہ کار کی پتے کی معلومات میں C-SMART میں تبدیلی کریں۔

## SRC-12: عطیہ کار مہم کے لیے ایک وینڈر ہے

SRC-12 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ تعاون مہم کے لیے ایک وینڈر کی جانب سے آیا ہے اور میچ کرنے کے لیے اہل نہیں ہے۔ (یہ حد کنسلٹنٹس اور ایک مرتبہ کے ادائیگی والوں پر لاگو ہوتی ہے، مگر اس میں مہم کے عام طور پر تنخواہ یافتہ ملازمین شامل نہیں ہیں، جن کے تعاون کو میچ کیا جا سکتا ہے۔)

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- اگر یہ تعاون مہم کے کسی وینڈر یا ایک مرتبہ کے ادائیگی لینے والے کی جانب سے آیا ہے، تو میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں سے واپس لیں۔
- اگر تعاون مہم کے وینڈر یا ایک مرتبہ ادائیگی لینے والے کی جانب سے نہیں آیا، تو انفرادی ملازمت کی حیثیت کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے دستاویزات کے ساتھ اپنا جواب (مثلاً ملازمت کے معائدے اور/یا ٹائم شیٹس) جمع کروائیں۔

## SRC-13: عطیہ کار NYC ڈوئنگ بزنس ڈیٹابیس میں شامل ہے

SRC-13 کوڈ ایسے تعاون کاروں کو تفویض کیا جاتا ہے، جو عطیے کے وقت پر نیو یارک سٹی کے ڈوئنگ بزنس ڈیٹابیس (DBDB) میں شامل تھے۔ DBDB میں موجود لوگوں کی جانب سے تعاون کو میچ نہیں کیا جا سکتا۔ DBDB میں ایسی تنظیموں کے مرکزی مالکان، مرکزی افسران اور سینیئر منیجرز شامل ہیں، جو سٹی کے ساتھ مالی لین دین کرتے ہیں؛ اس میں لابی ساز بھی شامل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے کاوربار میں مشغول افراد کے متعلق کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- ماسوائے یہ کہ آپ ظاہر کر سکیں کہ عطیہ کار کو DBDB میں غلطی سے شامل کر دیا گیا تھا یا یہ کہ عطیہ کار وہ شخص نہیں ہے، جو DBDB میں موجود ہے، آپ کو میچنگ کا دعوٰی واپس لے لینا چاہیے۔ اگر عطیہ کار سمجھتے ہیں کہ انہیں DBDB میں موجود نہیں ہونا چاہیے، تو انہیں میئر کے دفتر آف کنٹریکٹ سروسز کے ڈوئنگ بزنس اکاؤنٹیبلٹی پراجیکٹ سے 0600-298 (212) یا DoingBusiness@mocs.nyc.gov پر رابطہ کرنا چاہیے۔

## SRC-14: عطیہ کار لابی ساز رجسٹریشن پر موجود ہے

یہ کوڈ ایسے عطیہ کاروں کو تفویض کیا جاتا ہے، جو لابیئسٹس کی رجسٹریشن میں موجود ہیں، مگر لابی ساز نہیں ہیں اور لہذا نیو یارک سٹی کے ڈوئنگ بزنس ڈیٹابیس (DBDB) پر نہیں ہے۔ اس میں رجسٹر شدہ لابیئسٹس کے شریک حیات، گھریلو شراکت دار اور غیر آزاد شدہ بچے اور ساتھ ہی ساتھ لابی سازی غیر لابیئنگ ملازمین شامل ہیں۔ لابی ساز رجسٹریشن میں درج لوگوں کی جانب سے تعاون کو میچ نہیں کیا جا سکتا۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- ماسوائے کہ آپ یہ ظاہر کر سکیں کہ عطیہ کار کو لابی ساز رجسٹریشن میں غلطی سے شامل کر دیا گیا تھا، آپ کو میچنگ کا دعوٰی واپس لے لینا چاہیے۔ لابی ساز رجسٹریشن کے متعلق مزید معلومات کے لیے دفتر آف دی سٹی کلرک سے 8171-699 (212) پر رابطہ کریں۔

## SRC-15: ڈوئنگ بزنس ڈیٹابیس میں موجود شخص کی جانب سے سہولت یافتہ

SRC-15 کوڈ ایسے تعاون کو تفویض کیا جاتا ہے، جو عطیے کے وقت پر نیو یارک سٹی کے ڈوئنگ بزنس ڈیٹابیس (DBDB) میں موجود کسی شخص کی جانب سے سہولت یافتہ تھے۔ DBDB میں موجود کسی شخص کی جانب سے سہولت یافتہ تعاون کو میچ نہیں کیا جا سکتا۔ DBDB میں ایسی تنظیموں کے مرکزی مالکان، مرکزی افسران اور سینیئر منیجرز شامل ہیں، جو سٹی کے ساتھ مالی لین دین کرتے ہیں؛ اس میں لابی ساز بھی شامل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے کاوربار میں مشغول افراد کے متعلق کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔

### اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- اگر آپ ناقابل قبول دعوے پر اعتراض نہیں اٹھا رہے تو میچنگ کے دعوے کو واپس لے لیں۔
- اگر تعاون میں ظاہر کردہ سہولت کار کی نظرثانی کرنے کے بعد آپ سمجھتے ہیں کہ سہولت کار کو DBDB میں غلطی سے شامل کیا گیا تھا یا وہ درج شدہ شخص نہیں ہیں، تو براہ کرم ایک وضاحت جمع کروائیں۔ اگر سہولت کار سمجھتے ہیں کہ انہیں DBDB میں موجود نہیں ہونا چاہیے، تو انہیں میئر کے دفتر آف کنٹریکٹ سروسز کے ڈوئنگ بزنس اکاؤنٹیبلٹی پراجیکٹ سے 0600-298 (212) یا DoingBusiness@mocs.nyc.gov پر رابطہ کرنا چاہیے۔
- اگر مہم نے ایک سہولت کار کی اطلاع نہیں دی، تو اپنی مہم کے تفویض شدہ آڈٹر سے رابطہ کریں۔

### SRC-16: بیک اپ کوئی اور عطیہ کار ظاہر کرتا ہے

SRC-16 کوڈ اس وقت لاگو ہوتا ہے جب بیک اپ دستاویزات پر کوئی ایسی چیز موجود ہو، جو ظاہر کرتی ہو کہ تعاون مکمل یا جزوی طور پر کسی دوسرے عطیہ کار کی جانب سے ہے—–مثلاً کسی چیک کی میمو لائن میں کسی دوسرے شخص یا ادارے کا نام ہو یا عطیہ کار پر کسی تنظیم کا حوالہ ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر عطیہ کار ایک فرد ہو اور عطیہ کار کا نام درست طریقے سے درج کیا گیا تھا، تو عطیہ کار کی جانب سے دستخط شدہ اطلاع کردہ عطیہ کار بیک اپ دستاویز بندی سے نہیں ملتا والا تصدیقی خط جمع کراوئیں۔
- اگر عطیہ کار ایک فرد نہیں ہے، تو اس ٹرانزیکشن سے جڑے اضافی SRC کوڈ کو ملاحظہ کریں۔
- اگر تعاون کا نام یا ماخذ غلط درج کیا گیا تھا، تو ٹرانزیکشن کو حذف کریں، درست نام کے ساتھ نام والا ایک نیا ریکارڈ بنائیں اور اگر عطیے کا میچ کے لیے دعوٰی کر رہے ہوں، تو اپنی اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی کے جواب میں متعلقہ بیک اپ دستاویزات فراہم کریں۔ اپنے جواب کے ساتھ جمع کروائی جانے والی IMC رپورٹ کی نقل پر، اٹھائے گئے اقدامات کو بیان کریں اور نئی ٹرانزیکشن آئی ڈی شامل کریں۔ (نوٹ: یہ نئی درج کردہ ٹرانزیکشن صرف CFB میں آپ کی اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کے اندراج پر نظر آئے گی۔)

## تعاون کی دستاویزات (DOC)

تعاون کی دستاویزات کے سلسلے میں پائے جانے والے کوڈز کا تعلق ایسے تعاون سے ہے، جن کے لیے مہم نے بیک اپ دستاویزات فراہم نہیں کیں اور/یا فراہم کردہ بیک اپ دستاویزات نامکمل ہیں اور/یا ان میں ایک یا زیادہ عناصر غیر واضح ہیں (یعنی تعاون کار کا نام، عطیے کی تاریخ، رقم اور/یا آلہ)۔

### DOC-1: میچ کے دعوے کے لیے کوئی بیک اپ دستاویز بندی فراہم نہیں کی گئیں

میچ کے لیے دعوٰی کردہ تمام تعاون کے ساتھ بیک اپ دستاویزات موجود ہونی چاہیں۔ یہ کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب میچنگ کے لیے اطلاع کردہ دعوے کے لیے دستاویزات جمع نہ کروائی گئی ہوں۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- غیر موجود دستاویزات کو C-SMART میں اپ لوڈ کریں۔

### DOC-2: چندہ کا کارڈ فراہم نہیں کیا گیا

DOC-2 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب میچنگ دعوے کے لیے ضروری تعاون کے کارڈ جمع نہ کروایا گیا ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کے کارڈ کی نقل کو C-SMART میں ٹرانزیکشن میں اپ لوڈ کریں۔

## DOC-3: منی آرڈر کی نقل فراہم نہیں کی گئی

یہ کوڈ ایسے منی آرڈر تعاون کے لیے تفویض کیا جاتا ہے، جب مہم نے منی آرڈر کی نقل جمع نہ کروائی ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- C-SMART میں ٹرانزیکشن میں منی آرڈر کی ایک نقل اپ لوغ کریں (منی آرڈر کی نقل کافی دستاویز نہیں ہے)۔

## DOC-4: کریڈٹ کارڈ پراسیسنگ کی دستاویزات فراہم نہیں کی گئیں

DOC-4 کوڈ ان صورتوں میں تفویض کیا جاتا ہے، جہاں مہم نے اپنی بیک اپ دستاویزات کے ساتھ پراسیسنگ کی دستاویزات فراہم نہیں کی گئیں یا اس نے پراسیسنگ دستاویزات کا صرف ایک حصہ فراہم کیا۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- کریڈٹ کارڈ پراسیسر کی جانب سے عمل درآمد کی دستاویز کی نقل، بشمول تمام مطلوبہ اشیاء، C-SMART میں اپ لوڈ کریں۔ مزید معلومات کے لیے کریڈٹ کارڈ تعاون کی رہنماء دستاویز ملاحظہ کریں۔

## DOC-5: بیک اپ دستاویز بندی ناقابل فہم ہیں

DOC-5 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ تعاون کے لیے جمع کردہ دستاویزات ناقابل فہم ہیں۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر اصلی دستاویزات کو برے طریقے سے نقل یا اسکین کیا گیا تھا، تو دستاویزات کی ایک قابل فہم نقل جمع کروائیں۔
- اگر اصلی دستاویز میں ناقابل فہم لکھائی یا دیگر نقص موجود ہیں، تو تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ ایک عطیے کی تصدیق کا خط جمع کروائیں۔ (نوٹ: چیکس یا منی آرڈرز کی نقول کے لیے، آپ کو ہمیشہ اصلی چیک یا منی آرڈر کی ایک صاف تر تصویر حاصل کرنی چاہیے۔
- ایک ناقابل فہم تعاون کے کارڈ کی صورت میں، آپ ایک نیا تعاون کار کی جانب سے ایک نیا چندے کے کارڈ جمع کروا سکتے ہیں، جو ظاہر کرتا ہو کہ یہ تبدیلی ہے۔

## DOC-6: بیک اپ دستاویز بندی پر عطیہ کار کا نام غائب یا غیر واضح ہے

DOC-6 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب عطیے کی بیک اپ دستاویزات میں سے تعاون کار کا نام غائب ہو اور/یا عطیہ کار کا نام غیر واضح ہو (یعنی ایسے طریقے سے لکھا ہو، کہ CFB کا عملہ عطیہ کار کے نام کی تصدیق نہ کر سکے)۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔

### DOC-7: چندہ کا کارڈ پر آلے کا کوڈ غائب یا غیر واضح ہے

DOC-7 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، اگر بیک اپ دستاویزات پر آلے کا کوڈ نشاندہی کردہ نہ ہو یا غیر واضح ہو (یعنی تعاون کے کارڈ پر آلے کی کئی اقسام پر نشان لگا ہو)۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔

### DOC-8: بیک اپ دستاویز پر تعاون کی رقم غائب یا غیر واضح ہے

DOC-8 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب تعاون کی بیک اپ دستاویزات پر ڈالر میں رقم خالی یا غیر واضح ہو (یعنی ایسے طریقے سے لکھی گئی ہو کہ تعاون کی رقم کی تصدیق ممکن نہ ہو)۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔

### DOC-9: بیک اپ دستاویز بندی پر تعاون کی تاریخ غائب یا غیر واضح ہے

DOC-9 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب بیک اپ دستاویزات پر تعاون کی تاریخ موجود نہ ہو یا تاریخ غیر واضح ہو (یعنی ایسے طریقے سے لکھا ہو، کہ CFB کا عملہ تعاون کی تاریخ کی تصدیق نہ کر سکے)۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔

### DOC-10: CFB کا مطلوبہ تصدیقی بیان غیر موجود یا غلط ہو

DOC-10 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب تعاون کے کارڈ پر تصدیقی بیان موجود نہ ہو یا جب تعاون کے کارڈ پر تصدیقی بیان مطلوبہ زبان کے مطابق نہ ہو۔ یہ کوڈ ممکنہ طور پر کئی ٹرانزیکشنز پر نظر آ سکتا ہے، اگر مہم اپنے تعاون کے کارڈ پر عطیے کا درست بیان شامل نہ کر پائے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔
- مستقبل میں اس مسئلے سے بچنے کے لیے درست تصدیق کے ساتھ نئے تعاون کے کارڈز پرنٹ کریں۔

## DOC-11: درست طریقے سے دستخط شدہ نہ ہو یا تصدیق آن لائن درکار نہ ہو

DOC-11 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ CFB کو تعاون کار کے دستخط کے بغیر تعاون کے کارڈ یا چیک جمع کراویا گیا تھا۔ یہ اس وقت بھی تفویض کیا جاتا ہے، جب وہ ویب سائٹ، جس کے ذریعے مہم آن لائن تعاون جمع کرتی ہے، کریڈٹ کارڈ عطیات پر عمل درآمد کرنے سے پہلے تعاون کاروں سے مطلوبہ تصدیقی بیان سے الیکٹرانی طور پر متفق ہونے کا تقاضہ نہیں کرتی۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔
- یا تعاون کاروں کی جانب سے درست معلومات کے ساتھ نئے دستخط شدہ چندہ کے کارڈ جمع کروائیں، جو ظاہر کرتے ہوں کہ یہ تبدیلی والے ہیں۔ (کبھی بھی ایک تعاون کے کارڈ میں ترمیم نہ کریں۔)
- اگر تعاون کریڈٹ کارڈ کے ذریعے کیا گیا، تو یقینی بنائیں کہ آپ جس ویب سائٹ کے ذریعے کریڈٹ کارڈ عطیات جمع کر رہے ہیں، وہ تعاون کاروں سے لازمی تصدیقی بیان سے الیکٹرانی طور پر متفق ہونے کا تقاضہ کرتی ہو۔ مزید معلومات کے لیے کریڈٹ کارڈ تعاون کی رہنماء دستاویز ملاحظہ کریں۔

## DOC-12: تعاون بنیادی کمیٹی یا مہم کو قابل ادائیگی نہیں

DOC-12 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے جب (1) تعاون اسی امیدوار کی جانب سے مجاز کردہ کسی دوسری کمیٹی کے لیے مقصود نظر آتی ہو، مثلاً سابقہ انتخاب کے لیے استعمال ہونے والی کمیٹی کے لیے چیک لکھا گیا ہو؛ (2) یہ واضح نہ ہو کہ رقم مہم میں تعاون کے طور پر مقصود تھی، مثلاً چیک امیدوار کے لیے ذاتی طور پر دیا گیا تھا یا وصول کنندہ کی لائن خالی چھوڑ دی گئی؛ یا (3) تعاون کے کارڈ میں کمیٹی کا نام شامل نہیں ہے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر عطیہ موجودہ کمیٹی کے لیے تعاون کے طور پر مقصود تھا، تو تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا خط جمع کروائیں۔ آپ کمیٹی کے نام کا حامل ایک دستخط شدہ تعاون کے کارڈ بھی جمع کروا سکتے ہیں۔
- اگر یہ ٹرانزیکشن آپ کی موجودہ مہم میں تعاون کے طور پر ظاہر نہیں کی جانی تھی، مگر آپ کی موجودہ مہم کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کراوئی گئی تھی، تو تعاون کو بینک یا سرٹیفائڈ چیک کے ذریعے ریفنڈ کریں، ریفنڈ کو C-SMART میں درج کریں اور اپنے جواب کے ساتھ ریفنڈ چیک کی ایک نقل جمع کروائیں۔
- اگر اس ٹرانزیکشن کو آپ کی موجودہ مہم کے لیے تعاون کے طور پر ظاہر نہیں کیا جانا چاہیے تھا اور آپ کی مہم کے موجودہ بینک اکاؤنٹ میں ڈیپازٹ نہیں کی گئی، تو ٹرانزیکشن کو C-SMART میں سے حذف کر دیں۔ (اگر تعاون کو مہم کے اکاؤنٹ میں ڈیپازٹ کیا گیا تھا، تو ٹرانزیکشن کو حذف کرنے کے نتیجے میں مہم کے بینک کے تصفیے میں تبدیلی آئی گی۔)

## DOC-13: کریڈٹ کارڈ ٹرانزیکشن زیر التواء ہے یا منظوری فراہم نہیں فراہم کی گئی

DOC-13 کوڈ ایسی صورتوں میں تفویض کیا جاتا ہے، جہاں کریڈٹ کارڈ پراسیسنگ کی فراہم کردہ دستاویزات یہ نہیں دکھاتیں کہ پراسیسر نے ٹرانزیکشن کو منظور کیا۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- کریڈٹ کارڈ پراسیسر کی جانب سے یہ ظاہر کرنے والی دستاویزات جمع کروائیں کہ متعلقہ ٹرانزیکشن منظور کی گئی تھی۔ مزید معلومات کے لیے کریڈٹ کارڈ تعاون کی رہنماء دستاویز ملاحظہ کریں۔

## DOC-14: مہم کے ساتھ منفرد مرچنٹ اکاؤنٹ منسلک نہیں کیا گیا

DOC-14 اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب ایک کریڈٹ کارڈ تعاون کے لیے عمل درآمد کی دستاویزات میں اس عطیے کو مہم کے مرچنٹ اکاؤنٹ یا کریڈٹ کارڈ پراسیسر کے ساتھ منسلک کرنے کے لیے کافی ضروری معلومات موجود نہیں ہوتیں۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- کریڈٹ کارڈ پراسیسر کی جانب سے یہ ظاہر کرنے والی دستاویزات جمع کروائیں کہ بیک اپ دستاویزات پر موجود مرچنٹ اکاؤنٹ کا منفرد نام اور/یا اکاؤنٹ نمبر ایک ایسے اکاؤنٹ سے منسلک ہے، جو مہم نے CFB کو ظاہر کیا ہے۔
- یا، اگر آپ نے کریڈٹ کارڈ تعاون جمع کرنے کے لیے استعمال ہونے والے مرچنٹ اکاؤنٹ کو ظاہر نہیں کیا، تو ایک مکمل شدہ بینک اکاؤنٹ کی تبدیلی کا فارم جمع کروائیں۔

## DOC-15: کارڈ کے آخری 4 ہندسے دستاویزات میں موجود نہیں

DOC-15 اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب ایک کریڈٹ کارڈ عطیے کے لیے عمل درآمد کی دستاویزات میں تعاون کار کے کریڈٹ کارڈ نمبر کے آخری چار ہندسے موجود نہیں۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- کریڈٹ کارڈ پراسیسر کی جانب سے دستاویزات ظاہر کریں، جو عطیہ کار کے کریڈٹ کارڈ نمبر کے آخری چار حروف ظاہر کریں۔

## DOC-16: چندہ کا کارڈ مطلوبہ عناصر کے بغیر پرنٹ کیا گیا

DOC-16 اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب ایک تعاون کے کارڈ میں ضروری عنصر شامل نہیں (یعنی تعاون کے کارڈ میں عطیہ کار کے نام، عطیے کی تاریخ، رقم اور/یا آلے کی جگہ موجود نہیں)۔

اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:

- تعاون کار کی جانب سے دستخط شدہ تعاون کی تصدیق کا تصدیقی خط جمع کروائیں۔
- مستقبل میں اس مسئلے سے بچنے کے لیے تمام ضروری تعاون کے ساتھ نئے تعاون کے کارڈز پرنٹ کریں۔

## تعاون کی اطلاع (RPT)

تعاون کی اطلاع کی سیریز میں پائے جانے والے کوڈز کا تعلق تعاون کی ناقص یا نامکمل اطلاع رسائی سے متعلقہ ہیں (مثلاً جب CFB کو اطلاع کردہ معلومات بیک اپ دستاویزات سے مختلف ہوں)۔ ایک مہم کو اپنی اطلاع رسانی میں کسی قسم کی تصحیح کرنے کے لیے CFB کو ترمیمات جمع کراونی ہوں گی۔

### RPT-1: عطیہ کار کا پورا نام فراہم نہیں کیا گیا

میچنگ فنڈز کے لیے دعوٰی کردہ کسی بھی تعاون کے لیے عطیہ کار کا پورے نام فراہم کرنا ضروری ہے۔ RPT-1 اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب ایک عطیہ کار کا پورا نام مکمل طور پر فراہم نہ کیا گیا ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر نام یا تعاون کا ماخذ درست طریقے سے درج کیا گیا تھا، تو ناموں کی جزوی اطلاع رسانی، انیشیئلز کے استعمال اور غلط ہجوں کو درست کریں۔
- اگر نام یا تعاون کا ماخذ غلط درج کیا گیا تھا، تو ٹرانزیکشن کو حذف کریں، درست نام کے ساتھ نام والا ایک نیا ریکارڈ بنائیں اور ٹرانزیکشن دوبارہ درج کریں۔ اپنے جواب کے ساتھ جمع کروائی جانے والی IMC رپورٹ کی نقل پر، اٹھائے گئے اقدامات کو بیان کریں اور نئی ٹرانزیکشن آئی ڈی شامل کریں۔ (نوٹ: یہ نئی درج کردہ ٹرانزیکشن صرف CFB میں آپ کی اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کے اندراج پر نظر آئے گی۔)

### RPT-2: عطیہ کار کی ملازمت کی مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی گئیں

RPT-2 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ مہم نے ایک ایسے تعاون کار کے لیے ملازمت کی کچھ یا تمام معلومات فراہم نہیں کیں، جن کے عطیات کی جمع $99 سے زیادہ بنتی ہے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- ملازمت کی معلومات کو C-SMART میں عطیہ کار کے نام کے ریکارڈ میں شامل کریں۔ اگر عطیہ کار زیر ملازمت نہیں ہے، تو عطیہ کار کے پیشے میں "بےروزگار،" "ریٹائر شدہ،" "طالبعلم" یا "گھردار" درج کریں، جو بھی اس شخص کی ملازمت کو بہترین بیان کرتا ہو۔ اگر عطیہ کار خود روزگار ہو، تو عطیہ کار کے آجر میں "خود روزگار" درج کریں اور اس کے بعد ان کا پیشہ اور ملازمت کا پتہ درج کریں، بےشک یہ اگر ان کا رہائشی پتہ ہو۔
- آپ ایک ملازمت کی غیر موجود/نامکمل معلومات کا خط حاصل کر کے عطیہ کار کی ملازمت کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، مگر یہ لازمی نہیں ہے۔

## RPT-3: ایک ہی عطیہ کار کے لیے میچنگ کے دوہرے دعوے پائے گئے

RPT-3 اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب ایک مہم نے ایک ہی تعاون کے لیے ایک سے زیادہ مرتبہ میچنگ فنڈز کا دعوٰی کیا ہو، مثلاً C-SMART میں دوہرا عطیہ درج کر کے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر مہم نے ایک ہی تعاون کو دو مرتبہ درج کیا ہو، تو دوہری ٹرانزیکشن کو حذف کر دیں۔ (نوٹ: مہم کو C-SMART کے ناموں والے تمام ریکارڈز کی نظرثانی بھی کرنی پڑ سکتی ہے، تاکہ ایک نام والے دوہرے ریکارڈز والے عطیہ کاروں کی شناخت کی جا سکے اور دوہرے ناموں کو ملایا جا سکے۔)
- اگر تعاون ایک ہی نہ ہوں، تو اس بات کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے دستاویزات فراہم کریں کہ وہ مختلف تعاون ہیں اور یقینی بنائیں کہ وہ میچ کرنے کی حد سے زیادہ نہ بڑھتے ہوں۔

## RPT-4: نامکمل پتہ یا پی او باکس فراہم کیا گیا

مہم کو میچ کے لیے دعوٰی کردہ کسی بھی تعاون کے لیے عطیہ کار کا مکمل رہائشی پتہ فراہم کرنا ہو گا۔ RPT-4 کوڈ کا مطلب ہے کہ ایک عطیہ کار کے پتے کا کم از کم ایک حصہ فراہم نہیں کیا گیا یا مہم نے عطیہ کار کا پورا رہائشی پتہ فراہم نہیں کیا (مثلاً اس میں گلی کی معلومات موجود نہیں یا ایک پوسٹ دفتر یا میل ڈراپ باکس موجود ہے)۔ تاہم، یہ کوڈ اس صورت میں تفویض نہیں کیا جاتا، اگر صرف زپ کوڈ کا خانہ خالی ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر عطیہ کار نیو یارک سٹی کا ایک رہائشی ہو، تو عطیہ کار سے درست رہائشی پتہ حاصل کریں اور اسے C-SMART میں درج کریں۔ آپ ایک رہائش کی غیر موجود/نامکمل معلومات کا خط حاصل کر کے عطیہ کار کی رہائش کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، مگر یہ لازمی نہیں ہے۔
- اگر عطیہ کار نیو یارک سٹی کا رہائشی نہیں ہے، تو میچنگ کے دعوے کو واپس لیں۔

## RPT-5: تعاون کی بروقت اطلاع نہیں دی گئی

RPT-5 کوڈ تین مختلف وجوہات کی بنیاد پر تفویض کیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے، یہ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے جب بیک اپ دستاویزات ظاہر کرتی ہوں کہ اطلاع رسانی کے درست عرصے میں تعاون کی اطلاع نہیں دی گئی اور/یا اس کا دعوٰی نہیں کیا گیا۔ یہ اس وقت ہو سکتا ہے، جب بیک اپ دستاویزات انکشاف کے پچھلے عرصے میں سے کوئی تاریخ ظاہر کرتے ہوں۔

دوسرا، یہ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب ایک تعاون کے لیے فراہم کردہ تاریخ اطلاع رسانی کے اس عرصے سے باہر ہے، جب آپ نے اسے ظاہر کیا۔ یہ اس وقت ہو سکتا ہے، جب آپ ایک ٹرانزیکشن کو حذف کرتے ہیں اور ایک نئی، تبدیلی والی ٹرانزیکشن درج کرتے ہیں۔ جہاں ممکن ہو، آپ کو ٹرانزیکشنز کو حذف کر کے دوبارہ درج کرنے کی بجائے ٹرانزیکشنز میں ترمیم کرنی چاہیے۔ اگر کہیں حذف کرنا ضروری ہو، تو آپ کو وضاحت کرنی چاہیے کہ نئی ٹرانزیکشن کی ابتدائی طور پر اطلاع رسانی کے درست عرصے میں اطلاع دی گئی تھی اور اصلی ٹرانزیکشن کی آئی ڈی فراہم کریں۔

تیسرا، یہ اس وقت تفویض کی جاتی ہے، جب ایک تعاون انتخاب کے سال میں 31 دسمبر کے بعد موصول ہوتا ہے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اگر وصول ہونے کی تاریخ C-SMART میں غلط درج کی گئی تھی، تو ٹرانزیکشن میں درست تاریخ ڈالنے کے لیے ترمیم کریں۔
- اگر وصول ہونے کی تاریخ درست درج کی گئی تھی، تو یہ ظاہر کرنے کے لیے دستاویزات (مثلاً ڈاک کی مہر والا لفافہ، جس میں تعاون تھا) جمع کروائیں کہ ٹرانزیکشن اطلاع رسانی کے درست عرصے میں وصول ہوئی تھی۔
- انتخاب کے سال میں 31 دسمبر کے بعد اطلاع کردہ تعاون کے لیے، اگر وصولی کی تاریخ درست درج کی گئی تھی، تو میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں سے واپس لے لیں۔

## RPT-6: اطلاع کردہ عطیہ کار کا نام بیک اپ دستاویزات سے نہیں ملتا

RPT-6 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب اطلاع کردہ عطیہ کار بیک اپ دستاویزات میں موجود شخص نظر نہیں آتا۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- یقینی بنائیں کہ آپ نے عطیہ کار کی معلومات کو درست درج کیا ہے۔
- اگر نام یا تعاون کا ماخذ غلط درج کیا گیا تھا، تو ٹرانزیکشن کو حذف کریں، درست نام کے ساتھ نام والا ایک نیا ریکارڈ بنائیں اور ٹرانزیکشن دوبارہ درج کریں۔ اپنے جواب کے ساتھ جمع کروائی جانے والی IMC رپورٹ کی نقل پر، اٹھائے گئے اقدامات کو بیان کریں اور نئی ٹرانزیکشن آئی ڈی شامل کریں۔ (نوٹ: یہ نئی درج کردہ ٹرانزیکشن صرف CFB میں آپ کی اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کے اندراج پر نظر آئے گی۔)
- اگر چیک اطلاع کردہ عطیہ کار کے علاوہ کسی دوسرے کی جانب سے دستخط کیا گیا تھا (مثلاً ایک کاروباری ایجنٹ، تو عطیہ کار کی جانب سے دستخط شدہ اطلاع کردہ عطیہ کار بیک اپ دستاویز بندی سے نہیں ملتا والا خط جمع کروائیں۔

## RPT-7: اطلاع کردہ آلہ کوڈ بیک اپ دستاویز بندی سے نہیں ملتا

RPT-7 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب دستاویزات اطلاع کردہ ایک تعاون کے لیے غلط آلہ ظاہر کرتی ہیں؛ مثلاً یہ اطلاع دینا کہ ایک عطیہ کریڈٹ کارڈ کے ذریعے کیا گیا، جبکہ یہ چیک کے ذریعے کیا گیا تھا۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- درست آلہ کوڈ ظاہر کرنے کے لیے C-SMART میں ٹرانزیکشن میں ترمیم کریں۔

## RPT-8: تعاون کی اطلاع کردہ رقم بیک اپ دستاویزات سے نہیں ملتی

RPT-8 اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب تعاون کی اطلاع کردہ رقم بیک اپ دستاویزات پر رقم سے نہیں ملتی۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- درست رقم ظاہر کرنے کے لیے C-SMART میں ٹرانزیکشن میں ترمیم کریں۔

## چندہ کی حد (LMT)

چندہ کی حد کے سلسلے میں پائے جانے والے کوڈز کا تعلق قابل اطلاق حد سے زائد تعاون سے ہے۔

### LMT-1: نقد تعاون کی جمع $100 سے زائد ہے

LMT-1 کوڈ اس وقت تفویض کیا جاتا ہے، جب مہم نے ایک واحد تعاون کار سے اتنے نقد عطیات وصول کیے ہوں، جن کی جمع نیو یارک ریاست کے قانون کی خلاف ورزی میں $100 سے بڑھتی ہے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- $100 سے زائد رقم کو مہم کے بینک اکاؤنٹ نکلنے والے بینک یا سرٹیفائیڈ چیک کے ذریعے ریفنڈ کریں، ریفنڈ کو C-SMART میں درج کریں اور ریفنڈ چیک کی نقل ٹرانزیکشن میں اپ لوڈ کریں۔ (نوٹ: مہم کو C-SMART کے ناموں والے تمام ریکارڈز کی نظرثانی بھی کرنی پڑ سکتی ہے، تاکہ ایک نام والے دوہرے ریکارڈز والے عطیہ کاروں کی شناخت کی جا سکے۔)

### LMT-2: میچ کرنے کے قابل جمع رقم قابل اطلاق حد سےزیادہ ہے

LMT-2 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ ایک مہم نے ایک عطیہ کار کے لیے میچ کرنے کے قابل زیادہ سے زیادہ رقم سے زیادہ کا دعوٰی کیا ہے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- C-SMART میں ٹرانزیکشن(ز) میں ترمیم کریں، تاکہ عطیہ کار کے لیے میچ کے لیے دعوٰی کردہ کل رقم میچ کرنے کے قابل زیادہ سے زیادہ رقم سے نہ بڑھتی ہو۔ (نوٹ: مہم کو C-SMART کے ناموں والے تمام ریکارڈز کی نظرثانی بھی کرنی پڑ سکتی ہے، تاکہ ایک نام والے دوہرے ریکارڈز والے عطیہ کاروں کی شناخت کی جا سکے۔)

### LMT-3: جمع تعاون قابل اطلاق حد سے بڑھتا ہے

LMT-3 ظاہر کرتا ہے کہ یہ تعاون، اکیلے یا اس عطیہ کار کی جانب سے دیگر عطیات سے ملا کر، چندے کی حد سے بڑھتا ہے۔ حد سے زیادہ تعاون کو میچ نہیں کیا جا سکتا اور انہیں قبول کرنے پر مہم پر جرمانہ ہو گا، بےشک اگر اس خلاف ورزی کو ریفنڈ جار کر کے درست کر دیا جائے۔ حد سے زیادہ رقم کے لیے کا ریفنڈ جاری کرنا تعاون کے باقی حصے کو میچ کیے جانے کے لیے اہل بنا دے گا، اگر یہ باقی تمام شرائط پر پورا اترتا ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- تعاون کی حد سے زائد رقم کو مہم کے بینک اکاؤنٹ نکلنے والے بینک یا سرٹیفائیڈ چیک کے ذریعے ریفنڈ کریں، ریفنڈ کو C-SMART میں درج کریں اور ریفنڈ چیک کی نقل ٹرانزیکشن میں اپ لوڈ کریں۔

### LMT-4: منی آرڈر تعاون کی جمع $100 سے زائد ہے

LMT-4 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ مہم نے ایک تعاون کار سے ایک یا زیادہ منی آرڈر تعاون قبول کیے ہیں، جن کی جمع $100 سے بڑھتی ہے اور ان منی آرڈر عطیات میں سے ایک یا تمام کا میچ کے لیے دعوٰی کیا ہے۔ جبکہ مہمات چندے کی حد تک منی آرڈر تعاون قبول کر سکتی ہیں، اگر ایک عطیہ کار کی جانب سے منی آرڈر تعاون کی جمع $100 سے بڑھتی ہے، تو منی آرڈر تعاون کا کوئی بھی حصہ میچ نہیں کیا جا سکے گا۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں واپس لیں، یا
- اگر آپ منی آرڈر تعاون سے رقم کا دعوٰی کرنا چاہیں گے، تو $100 سے زائد رقم کو مہم کے بینک اکاؤنٹ نکلنے والے بینک یا سرٹیفائیڈ چیک کے ذریعے ریفنڈ کریں، ریفنڈ کو C-SMART میں درج کریں اور ریفنڈ چیک کی نقل ٹرانزیکشن میں اپ لوڈ کریں۔

## دیگر (OTH)

دیگر کے سلسلے میں پائے جانے والے کوڈز کا تعلق ایسے تعاون سے ہے، جو میچ کے لیے قابل قبول نہیں ہیں، مگر دوسری سیریز میں سے کسی ایک میں نہیں آتیں۔

### OTH-1: تعاون کو بورڈ کی جانب سے قبول نہیں کیا گیا

CFB عملہ کسی بھی ایسے تعاون کو OTH-1 کوڈ تفویض کرے گا، جسے ناقابل قبول سمجھا جائے اور جس کے لیے دیگر کوئی کوڈ نہ ہو۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- اس بات کا تعین کرنے کے لیے CFB سے رابطہ کریں کہ ٹرانزیکشن کو کیوں ناقابل قبول سمجھا گیا اور اس بات کی وضاحت کے لیے دستاویزات جمع کروائیں کہ میچنگ کے دعوے کو کیوں قابل قبول سمجھا جانا چاہیے۔ مخصوص حالات میں، مہمات کو تعاون کے ساتھ مسئلے کی وضاحت کرنے والا ایک علیحدہ نوٹس بھیجا جا سکتا ہے۔
- یا اگر آپ ناقابل قبول دعوے پر اعتراض نہیں اٹھا رہے تو میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں واپس لیں۔

### OTH-2: میچ کے لیے نا اہل – تعاون انکشافی بیان جمع کروانے کی آخری تاریخ کے بعد ظاہر کیا گیا

OTH-2 کوڈ ظاہر کرتا ہے کہ مہم نے اندراج کی متعلقہ تاریخ کے بعد ایک تعاون اور میچنگ کے متعلقہ دعوے کو شامل کرنے کے لیے ایک سابقہ انکشافی اسٹیٹمنٹ میں ترمیم کی ہے۔ میچنگ کا دعوٰی قابل قبول ہونے کے لیے، تعاون کو موزوں انکشافی اسٹیٹمنٹ، جس کے دوران تعاون وصول کیا گیا، کے لیے اندراج کی تاریخ کے اندر ظاہر کیا جانا چاہیے۔

**اس کوڈ کا جواب دینے کے لیے:**

- میچنگ کے دعوے کو C-SMART میں واپس لیں۔

3/21/2023